بیٹے کا نام اعجاز رکھنا کیسا؟

مجیب: مولانا محمد سجاد عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2531

تاریخ اجراء: 01 شعبان المعظم 1445ھ / 12 فروری 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بیٹے کا نام "اعجاز" رکھ سکتے ہیں یا نہیں؟

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

اعجاز کا معنی ہے: "انتہائی فصاحت وبلاغت" معنی کے اعتبار سے یہ نام رکھنے میں حرج نہیں، البتہ بہتر یہ ہے کہ بچے کا اصل نام محمد رکھا جائے تاکہ اسمِ محمد کی برکتیں حاصل ہوں کہ احادیث مبارکہ میں نامِ محمد کی برکات وارد ہوئی ہیں، اور پکارنے کے لیے انبیاء کرام و اولیاء عظام کے ناموں میں سے کسی کے نام پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب دلائی گئی ہے۔

القاموس الوحید میں ہے: "الاعجاز: انتہائی فصاحت وبلاغت۔ (القاموس الوحید، صفحہ 1049، مطبوعہ لاہور)

محمد نام رکھنے کی فضیلت:

کنز العمال میں روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "من ولدله مولود ذکر فسماه محمدا حبالي وتبركا باسمي كان هو ومولوده في الجنة" ترجمہ: جس کے ہاں بیٹا پیدا ہوا اور وہ میری محبت اور میرے نام سے برکت حاصل کرنے کے لئے اس کا نام محمد رکھے تو وہ اور اس کا بیٹا دونوں جنت میں جائیں گے۔ (کنز العمال، ج 16، ص 422، مؤسسة الرسالة، بیروت)

رد المحتار میں مذکورہ حدیث کے تحت ہے "قال السيوطي: هذا أمثل حديث ورد في هذا الباب وإسناده حسن" ترجمہ: علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ نے فرمایا: جتنی بھی احادیث اس باب میں وارد ہوئیں، یہ حدیث ان سب میں بہتر ہے اور اس کی سند حسن ہے۔ (رد المحتار علی الدر المختار، کتاب الحظر والاباحۃ، ج 6، ص 417، دار الفکر، بیروت)

مسند الفردوس میں ہے:"تسموا بخیار کم "یعنی: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔(مسند الفردوس، جلد02، صفحہ58، حدیث 2328، دارالکتب العلمیہ، بیروت)

نوٹ: نام رکھنے کے حوالے سے مکتبۃ المدینہ سے شائع کردہ کتاب"نام رکھنے کے احکام"کا مطالعہ کریں اس میں بہت سے اچھے نام بھی آپ کو مل جائیں گے۔

کتاب ڈاؤن لوڈ کرنے کا لنک درج ذیل ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net